سوال

(422) موروثی یا خود ساختہ امام کے متعلق کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امام کا عزل ونصب کس کے ہاتھ ہونا چاہیے موروثی یا خود ساختہ امام کے متعلق کیا حکم ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

امام کا عزل ونصب نمازیوں کے اختیار میں ہے۔ اگر مسجد کا متولی کوئی خاص شخص مقرر ہو جس کو عزل و نصب کا اختیار دیا گیا ہو۔ تو اس کو اختیار ہو گا۔ بغیر اختیار دیے جانے کے کوئی متولی باپ کا بیٹا ہونے سے متولی نہیں ہو سکتا۔ امام کا عہدہ موروثی نہیں خود ساختہ امام پر قوم ناراض ہو تو امام معزول ہو سکتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد 01 ص 602

محدث فتویٰ